سوال

(15)کیا آغاز وضو میں بسم اللہ کہنا کافی ہے ؟

جواب

السلام عليكم ورحمة الله وبركاته

وضو کرنے سے پہلے کیا صرف ''بسم اللہ'' کہنا کافی ہے یا پوری بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھنا ضروری ہے ؟ نیز یہ فرض ہے یا سنت ؟ (محمد اکرم قصور)

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاته!

الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

واضح ہو کہ اس مسئلے میں توسع ہے یعنی اگر کوئی پوری بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھے تو بھی جائز ہے اور اگر کوئی صرف بسم اللہ پر اکتفا کرے تو بھی جائز ہے ۔ تاہم بسم اللہ اور بسم اللہ والحمد اللہ پڑھنا زیادہ مناسب ہے ۔ (مرعاۃ المفاتیح ج1ص276)

امام احمد سے ایک روایت میں بسم اللہ پڑھنا فرض ہے احناف کے نزدیک سنت ہے ۔ تاہم علامہ کمال الدین ابن ہمام کے نزدیک واجب ہے اور شاہ ولی اللہ کے نزدیک وضو کے شروع میں بسم اللہ پڑھنا وضو کا رکن یا شرط ہے ، مگر ہمارے نزدیک فرض ہے ۔

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

فتاویٰ محمدیہ

ج1ص148

محدث فتویٰ